**19.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

.................................................................

☆ مائیکروسافٹ، سافٹ ویئر میں آئی وقتی خرابی کے سبب دنیا بھر میں مختلف خدمات متاثر ہوئی ہیں۔ اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ اِس خرابی کی وجہ کی نشاندہی ہوگئی ہے اور اِس مسئلے کو حل کرنے کیلئے تازہ ترین اطلاعات جاری کی جاچکی ہیں۔

☆ بھارت نے بنگلہ دیش میں رہ رہے بھارتی باشندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کوٹا مخالف احتجاجوں کے سبب ڈھاکہ میں ہائی کمیشن کی جانب سے جاری ایڈوائزری پر عمل کریں۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مسلح افواج اور بھارتی ساحلی گارڈ کے موجودہ اور ریٹائرڈ اہلکاروں کو امتیازی خدمات کے 94 ایوارڈ پیش کئے۔

☆ نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے آب وہوا کی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے فوری کارروائی کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے سکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے درمیان زیادہ ہم آہنگی پر زور دیا ہے تاکہ دہشت گردانہ نیٹ ورکس اور اُن کو تعاون دینے والے نظام کو ختم کیا جاسکے۔

.................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## Worldwide IT Outage

حکومت عالمگیر سطح پر مائیکروسافٹ کی خدمات متاثر ہونے سے متعلق معاملے میں مائیکروسافٹ اور اُس کے ذیلی اداروں کے ساتھ رابطے میں ہے۔ مرکزی وزیر برائے اطلاعاتی ٹیکنالوجی اشونی ویشنو نے سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں بتایا کہ خدمات متاثر ہونے کی وجہ کی نشاندہی کرلی گئی ہے اور اِس مسئلے کو حل کرنے کیلئے تازہ اطلاعات جاری کردی گئی ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی بتایا کہ قومی انفارمیٹک سینٹر کا نیٹ ورک متاثر نہیں ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ اُن کی وزارت عالمی سطح پر خدمات متاثر ہونے کے سلسلے میں مائیکروسافٹ کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے جو متاثر اداروں کے ساتھ سرگرمی کے ساتھ کام کر رہا ہے۔

سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جناب ویشنو نے بتایا کہ CERT-In اہم ترین بنیادی ڈھانچے کے اداروں کے اعلیٰ اطلاعاتی سکیورٹی افسروں CISOs کے ساتھ رابطے میں ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ تمام متاثرہ ادارے اپنے اپنے نظاموں کو چست درست کرنے کیلئے کام کر رہے ہیں اور کئی معاملات میں سسٹم جزوی طور پر ٹھیک ہوگئے ہیں۔
اِدھر انڈین کمپیوٹر ایمرجنسی ریسپانس ٹیم CERT-In نے مائیکروسافٹ ونڈوز کی عالمگیر سطح پر خدمات متاثر ہونے کے تناظر میں ایک ایڈوائزری جاری ہے۔ ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ اگر Hosts اب بھی کریش کر رہے ہیں اور چینل فائل چینجز کو وصول کرنے کیلئے آن لائن نہیں ٹِک پارہے ہیں تو اِن کے آس پاس کام کرنے کی غرض سے کئی دوسرے اقدامات کئے جاسکتے ہیں جن میں ونڈوز کو سیف موڈ یا ونڈوز ریکوری انوائرمنٹ میں Boot کرنا اور Hosts کو نارمل طریقے سے Boot کرنا شامل ہیں۔ اس میں یہ مشورہ بھی دیا گیا ہے کہ یوزرس Crowd Strike پورٹل سے جاری ہونے والی تازہ ترین اطلاعات کو دیکھتے رہیں۔ دنیا بھر میں لاکھوں لوگ مائیکروسافٹ، سافٹ ویئر میں آئی اِس خرابی سے متاثر ہوئے ہیں۔ اِس کی وجہ سے دنیا بھر میں کثیر رخی کاروبار کرنے والوں کے IT نیٹ ورک، بینکنگ خدمات اور بین الاقوامی ایئرلائنز متاثر ہوئی ہیں۔x

## Bangladesh Protests

وزارت خارجہ نے بنگلہ دیش میں بھارتی باشندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کوٹا مخالف احتجاجوں کی وجہ سے کُل ڈھاکہ میں ہائی کمیشن کی جانب سے جاری ایڈوائزری پر عمل کریں۔ اُن سے زور دے کر یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہائی کمیشن کے رابطے میں رہیں۔ ڈھاکہ میں ہائی کمیشن اور اسسٹنٹ ہائی کمیشن بھارتی باشندوں کو درکار کسی بھی قسم کے تعاون کیلئے ہیلپ لائن نمبروں پر دستیاب ہیں۔ آج سہ پہر دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے امور خارجہ کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ پڑوسی ملک میں آٹھ ہزار 500 طالبعلموں سمیت تقریباً 15 ہزار بھارتی باشندے قیام پذیر ہیں۔ادھر بنگلہ دیش میں کوٹا مخالف احتجاج میں مرنے والوں کی تعداد 39 ہوگئی ہے۔ سرکاری ملازمتوں میں کوٹا نظام میں اصلاحات کا مطالبہ کرنے والے طالبعلموں کی جانب سے احتجاج کے سبب ملک میں تشدد کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔x

## Rev Prez Award

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج مسلح افواج اور بھارتی ساحلی گارڈ کے اہلکاروں اور ریٹائرڈ افسروں کو امتیازی خدمات کے 94 ایوارڈ پیش کیے۔ انھوں نے 31 پرم وششٹ سیوا میڈل، 4 اُتم یودھ سیوا میڈل، Ati وششٹ سیوا میڈل کیلئے دو Bar اور 57 اَتی وششٹ سیوا میڈل عطا کیے۔ صدر جمہوریہ نے آج نئی دلّی کے راشٹرپتی بھون میں دفاعی Investiture تقریب 2024 مرحلۂ دوئم میں یہ ایوارڈ پیش کیے۔ x

## VP Climate Change

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے آج کہا ہے کہ آب وہوا کی تبدیلی ایک عالمگیر آفت کے طور پر ابھری ہے۔

جس کا اظہار سمندری سطح میں اضافے، طویل عرصے تک جاری خشک سالی، جنگلات میں آگ کے واقعات میں شدت اور غیرمعمولی قسم کے طوفان سے ہوتا ہے اور جس نے دنیا بھر میں معاشروں کو منہدم کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ان تبدیلیوں سے نہ صرف زد پذیر آبادیاں خطرے میں ہیں بلکہ اِن سے حیاتی تنوع اور غذا کی یقینی فراہمی کو بھی خطرہ لاحق ہے۔نائب صدر نئی دلّی میں آج PHD چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے منعقدہ چوتھے بین الاقوامی آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق سمٹ کے اختتامی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس کا موضوع ہے: ''حیاتی توانائی: وکست بھارت کی طرف رواں''نائب صدر نے کہا کہ آب وہوا کی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے فوری کارروائی کی ضرورت ہے۔ انھوں نے انگریزی کے حرف آر سے شروع ہونے والے تین لفظوں پر مشتمل حکمت عملی کا بھی ذکر کیا۔ انھوں نے کہا کہ تخفیف، یعنی Reduce، دوبارہ استعمال یعنی Reuse اور ریسائکل صرف ایک منتر نہیں ہیں بلکہ یہ ایک آب وہوا کی تبدیلی کے خلاف جنگ میں ایک اجتماعی جنگی پکار ہے۔x

## Bihar Giriraj Singh

ٹیکسٹائل کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے آج کہا کہ اُن کی وزارت، ملک میں ٹیکسائلز کے شعبے کی توسیع کرکے موجودہ 176 بلین ڈالر سے بڑھا کر ساڑھے تین سو بلین ڈالر کا کرنا چاہتی ہے۔ پٹنہ میں ٹیکسٹائلز سرمایہ کاروں کی میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ اُن کی وزارت نے اِس شعبے میں 100 بلین ڈالر کی برآمدات کا ہدف مقرر کیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بہار جیسی ریاستوں کے پاس ٹیکسٹائلز اور کپڑے کے شعبے میں بڑے امکانات ہیں۔ جناب سنگھ نے کہا کہ وزارت، اِس شعبے میں اڈیشہ، اترپردیش، مدھیہ پردیش اور راجستھان کے بھی امکانات کو تلاش کرے گی۔ x

S/B: Giriraj Singh

## Shah Security Agencies

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں مختلف سکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے سربراہوں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی اور انٹیلیجنس بیورو کے ملٹی ایجنسی سینٹر کے کام کاج کا جائزہ لیا، جو ملک میں سکیورٹی کے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ذمہ دار ہے۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے ملک بھر کی سکیورٹی اور دوسری انٹیلیجنس اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے سربراہوں کو ہدایت دی کہ وہ قومی سلامتی سے متعلق حکومت کے مجموعی اندازِ نظر کو اختیار کریں۔ انھوں نے دہشت گردی کے نیٹ ورک اور اُنھیں تعاون دینے والے ایکوسسٹم کو پوری طرح ختم کرنے اور ملک کو درپیش ابھرتے ہوئے سکیورٹی خطرات سے نمٹنے میں تمام ایجنسیوں کے درمیان بہتر تال میل پر زور دیا۔ x

## Mandaviya Olympics

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج کہا ہے کہ 2047 تک ایک ترقی یافتہ

ملک بننے کیلئے کھیل، بھارت کیلئے سمت ورفتار کے تعلق سے ایک قوی عنصر ہوں گے۔ نئی دلّی میں بھارت کے اولمپک اور پیرالمپک کھلاڑیوں کے ساتھ ایک تبادلۂ خیال پر مبنی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ بھارت میں انتہائی اعلیٰ صلاحیتوں کے ساتھ ایک متنوع آبادی پائی جاتی ہے۔ اِس موقع پر وزیر موصوف نے ''پیرس کی طرف رواں راستہ'' کے عنوان سے ایک کتابچہ بھی جاری کیا جس میں بھارت کی تیاریاں اور پیرس اولمپک میں مقابلہ کرنے والے بھارتی کھلاڑیوں کی تفصیلات شامل ہیں۔x

## Anupriya Family Planning

صحت اور خاندانی بہبود کی وزیر مملکت انوپریا پٹیل نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں پیدائش کے وقت حاملہ خواتین کی ہونے والی شرح اموات کو کم کرنے کیلئے کام کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ آبادی کے استحکام کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کے نتائج برآمد ہو رہے ہیں اور ملک پائیدار ترقیاتی اہداف کو حاصل کرلے گا اور سال 2030 سے قبل ہر ایک لاکھ زندہ پیدا ہونے والے بچوں پر پیدا کرنے والی ماؤں کی اموات کی شرح 70 سے کم ہوجائے گی۔ انھوں نے کہا کہ ہر خاتون کی زندگی اہمیت کی حامل ہے اور اِس شرح کو کم کرنے کیلئے مرکوز کوششیں کی جائیں گی۔ وزیر موصوف آج نئی دلّی میں ماہرین کے ساتھ خاندانی منصوبہ بندی کے موضوع پر ایک میٹنگ کی صدارت کر رہی تھیں۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ خاندانی منصوبہ بندی صرف خواتین کی ذمے داری نہیں ہے بلکہ یہ مردوں کی بھی ذمے داری ہے اور اِس مہم میں اُن کی شراکت میں اضافہ ضروری ہے۔x

## Uttarakhand Ecosystem

اتراکھنڈ میں ماحولیاتی نظام کی ترقی کا جائزہ اب مجموعی ماحولیاتی پیداوار GEP کے اشاریے کے ذریعے لیا جائے گا۔ آج وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے ریاست کی راجدھانی دہرہ دون میں GEP اشاریے کا افتتاح کیا۔ اتراکھنڈ دنیا کی ایسی پہلی ریاست ہے جہاں ماحولیاتی نظام کی ترقی کا جائزہ مجموعی ماحولیاتی پیداوار کے اشاریے کے ذریعے لیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اب ریاست میں GDP کے ساتھ ساتھ GEP بھی جاری کی جاسکتی ہے۔ اس کے جائزے سے ماحولیات اور معیشت کے درمیان بہتر یکجہتی قائم ہوسکے گی۔

S/B 2100 Pushkar Singh Dhami

جناب دھامی نے کہا کہ GEP اشاریے سے ماحول کے متعلق بیداری میں اضافہ بھی ہوگا۔ اس اِشاریے سے منصوبہ بندی میں بھی مدد ملے گی۔x

## Mumbai RBI Governor

ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر شکتی کانت داس نے بینکوں سے کہا کہ وہ قرضوں اور جمع رقومات میں اضافے کے درمیان فرق پر گہری نظر رکھیں۔ انھوں نے یہ مشورہ بھی دیا ہے کہ قرض یعنی کریڈٹ جمع رقم یعنی ڈیپازٹ سے زیادہ نہ ہونے پائے۔ گورنر موصوف نے اِس بات سے خبردار کیا کہ کریڈٹ اور ڈیپازٹ کے اضافے کے درمیان فرق

کی وجہ سے مالیاتی نظام کو ساختیاتی اعتبار سے نقد رقومات سے متعلق مسائل کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ممبئی میں آج ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب داس نے کہا کہ بھارت میں مالیاتی منظرنامے میں ایک ساختیاتی تبدیلی رونما ہو رہی ہے اور ریزرو بینک آف انڈیا فعال طور پر کئی اختراعات کو فروغ دے رہا ہے جیسے UPI، Reoriented پیمنٹ سسٹم تاکہ رسائی کا دائرہ وسیع ہوسکے اور بھارت میں ایک زیادہ شمولیت والا مالیاتی سیکٹر قائم ہوسکے۔x

## Missile Defence India 2024

فضائیہ کے نائب سربراہ ایئر مارشل امرپریت سنگھ نے آج کہا کہ دفاع اور جنگ کے شعبے میں ٹیکنالوجی کے ارتقا کی وجہ سے فضائیہ کی ذمے داریوں میں اضافہ ہوا ہے۔ ہوائی اور میزائل دفاع کے بھارتی سیمینار اور ایگزبیشن 2024 کا افتتاحی خطبہ پیش کرتے ہوئے ایئر مارشل سنگھ نے کہا کہ اب فضائیہ مختلف فورسز کے ساتھ کثیر خدمات کی حامل ایک فورس ہے، اس لئے ضرورت اِس بات کی ہے کہ وہ ہر اہم تکنیکی ترقی کو استعمال کرے۔ انھوں نے مزید کہا کہ مواصلات اور ڈاٹا بھی ایک اہم رول ادا کرتے ہیں اور یہ کہ دفاعی افواج کو ضرورت اِس بات کی ہے کہ اُن کے پاس ایک وسیع تر اور کثیر سطحی حفاظتی نظام ہو۔x

## UPSC Puja Khedkar

یونین پبلک سروس کمیشن، UPSC نے سول سروسز امتحان 2022 سے Provisionally Recommended امیدوار پوجا کھیڈکر کے بددیانتی معاملے میں تفصیلی اور جامع جانچ تحقیقات کی ہے۔ UPSC نے بتایا کہ جانچ میں انکشاف ہوا ہے کہ پوجا کھیڈکر نے جعلی شناخت کا استعمال کرتے ہوئے امتحان دینے کی مقررہ حد سے زیادہ مرتبہ امتحان میں شرکت کی۔ UPSC نے پوجا کھیڈکر کے خلاف کئی اقدامات کا سلسلہ شروع کیا ہے جن میں پولیس میں FIR کے ذریعے فوجداری مقدمہ درج کرنا اور سول سروسز امتحان 2022 سے امیدواری منسوخ کرنے سے متعلقہ وجہ بتاؤ نوٹس جاری کرنا شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، پوجا پر مستقبل میں کوئی امتحان دینے اور کسی عہدے پر منتخب ہونے پر پابندی لگانا شامل ہے۔

دریں اثنا، پوجا کو پونے پولیس نے 20 جولائی کو پونے میں اپنا بیان درج کروانے کیلئے حاضر رہنے سے متعلق دوسرا نوٹس جاری کیا ہے۔

اِس سے پہلے بھی پونے پولیس نے پوجا کھیڈکر کو حاضر ہونے کیلئے نوٹس جاری کیا تھا تاہم انھوں نے نوٹس پر عمل نہیں کیا۔x

## Kharif Crops

خریف کی فصلوں کی بوائی اب تک 704 لاکھ ہیکٹر میں ہوچکی ہے جبکہ پچھلے برس یہ بوائی 680 لاکھ ہیکٹر میں ہوئی تھی۔ وزارت زراعت کی جانب سے جاری فصلوں کی بوائی کے اعداد وشمار سے معلوم ہوا ہے کہ چاول کی بوائی 166 لاکھ ہیکٹر میں ہوئی ہے جوکہ پچھلے برس کے مقابلے تقریباً 11 لاکھ ہیکٹر زیادہ ہے۔

وزارت نے کہا ہے کہ 85 لاکھ ہیکٹئر سے زیادہ رقبے میں دالوں کی کاشت کی گئی ہے جو کہ پچھلے سال کے مقابلے 15 لاکھ ہیکٹئر زیادہ ہے۔x

**IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات نے گجرات، گوا، مہاراشٹر، آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں آج کیلئے موسلا دھار بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Adarsh

محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ آج گجرات، ساحلی اور جنوبی داخلی کرناٹک اور ساحلی آندھرا پردیش اور کل تک گوا، مدھیہ پردیش اور تلنگانہ میں شدید بارش ہوگی۔ اسی دوران اگلے چار دنوں میں مدھیہ پردیش، وِدربھ، چھتیس گڑھ، اڈیشہ اور شمالی داخلی کرناٹک میں شدید بارش کی صورتحال رہے گی۔ محکمۂ موسمیات نے اگلے چار دنوں کیلئے ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور مشرقی راجستھان میں بھی اِسی طرح کی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔ ایجنسی نے انڈمان و نکوبار جزائر، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، شمال مشرقی بھارت، جموں و کشمیر، لداخ، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں بھی اگلے چار دنوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

آدرش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

**Gujrat Rain**

گجرات میں سوراشٹر کے مختلف حصوں میں آج لگاتار بارش ہوئی۔ گجرات کے دیو بھومی دوارکا، جونا گڑھ، پوربندر اور Gir اضلاع میں آج موسلادھار بارش ہوئی، جس کے باعث معمول کی زندگی متاثر رہی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Aparna Kunt

آج ساحلی ضلع سوراشٹر میں شدید بارش ہوئی۔ ریاستی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے اعداد و شمار کے مطابق دوارکا سٹی میں آج شام 6 بجے تک سب سے زیادہ 12 انچ بارش ریکارڈ کی گئی۔ شہر میں صرف دو گھنٹے میں 8 انچ بارش ہوئی، جس کی وجہ سے مختلف جگہوں پر پانی جمع ہوگیا۔ بارش کے سبب پوربندر، Keshod، Vanthali کلیان پور، Khambhaliya سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔ پوربندر شہر میں پچھلے 36 گھنٹے میں 20 انچ سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ ضلع انتظامیہ نے پانی میں پھنسے ہوئے تقریباً 11 لوگوں کو باہر نکالا ہے، جبکہ نشیبی علاقوں میں رہنے والے تقریباً 200 لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔ موسلا دھار بارش کی وجہ سے سوراشٹر خطے میں ریلوے اور سڑک ٹرانسپورٹ بھی متاثر ہوئے ہیں۔

اسی دوران محکمۂ موسمیات نے سوراشٹر کے 9 اضلاع میں اگلے دو دنوں کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

احمد آباد سے اپرنا کھنت کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

☆☆☆☆☆☆☆☆